Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱۹۳۶ء

نمبر مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۳ ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ مطابق ۴ جولائی (جلد ۳۸)

حصہ اول

اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	منظوری انتظامات بسلسلہ سبکدوشی عالیمرتبت کرنل صاحبزادہ سید حسن رضا خاں صاحب بہادر ہوم منسٹر	۲، ۳

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

۲	منظوری مستقلی مسٹر عیسیٰ رفیع ہیلتھ وزیٹر	۴

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

روبکار اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار

مورخہ ۲۸؍جون ۱۹۳۶ء

عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی جسکے ساتھ عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر بابت ہاؤس ہولڈ ڈیپارٹمنٹ کے متعلق۔ یکم جولائی ۱۹۳۶ء سے حسب ذیل انتظامات کی منظوری دیجاتی ہے:-

۱۔ عالیمرتبت کرنل صاحبزادہ سید حسن رضا خاں صاحب بہادر ہاؤس ہولڈ منسٹر کبرسن ہوگئے ہیں۔ نیز عہدہ ہاؤس ہولڈ منسٹر کی ضرورت نہیں ہے۔ لہذا ان کو ملازمت سے سبکدوش کیا جاتا ہے۔ ان کو ہاؤس ہولڈ سے دوسو روپیہ ماہوار الاونس اور پانچسو روپیہ ماہوار وثیقہ خاندانی ملتا ہے دوسو روپیہ ماہوار الاونس مسدود کیا جاتا ہے پانچسو روپیہ ماہوار وثیقہ خاندانی حسب رواج خاندان بشرط وفاداری فرمانروائے وقت وسرکار ریاست پائیں گے اور جس قدر گریجوئٹی کے وہ مستحق ہوں حسب قاعدہ دیجائیگی

۲۔ کرنل صاحبزادہ سید حسن رضا خاں صاحب بہادر نے خدمات متعلقہ بوجہ احسن وفادارانہ انجام دی ہیں اور وہ خاندان کے ایک معزز فرد ہیں۔ لہذا ان کے نام کے ساتھ عالیمرتبت لکھا جائے۔

۳۔ بجائے عالیمرتبت کرنل صاحبزادہ سید حسن رضا خاں صاحب بہادر کونسل خاندان میں لفٹنٹ کرنل صاحبزادہ سید عبدالکریم خاں بہادر کو ممبر مقرر کیا جاتا ہے۔

۴۔ بجائے عہدہ کنٹرولر کے عہدہ پرائیویٹ سکریٹری قائم کیا جاتا ہے اور اس عہدہ کی تنخواہ پانچسو روپیہ ماہوار منظور کی جاتی ہے۔

مسٹر سید ظفر علی صاحب کنٹرولر بہادر کو بہ تنخواہ پانچسو روپیہ ماہوار پرائیویٹ سکریٹری مقرر کیا جاتا ہے جب وہ یورپ سے واپس آجائیں گے۔ تو چالیس روپیہ ماہوار موٹر الاونس ملیگا۔

۵۔ عہدہ ملٹری سکریٹری کی ضرورت ہے۔ لہذا لفٹنٹ کرنل عبدالکریم خاں اے ڈی سی کو باضافہ ایک سو روپیہ ماہوار تین سو روپیہ ماہوار تنخواہ پر ملٹری سکریٹری مقرر کیا جاتا ہے۔ چالیس روپیہ ماہوار موٹر الاونس ملیگا۔

۶۔ صیغہ جات ہاؤس ہولڈ کی بصراحت تحت تقسیم منظور کیجاتی ہے:-

(الف) صیغہ جات متعلقہ مسٹر سید ظفر علی صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر جن میں براہ راست اجلاس ہمایوں سے حکم حاصل کرینگے

(۱) دفتر اجلاس ہمایوں۔ (۲) مراسلت انگریزی واردو۔

صیغہ جات ماتحتی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

(۳) حسابات سفر متعلقہ اسٹیٹ۔ (۴) موٹر گراج۔ (۵) [illegible] دربار وچیفخانہ (۶) مصارف طعام اسٹاف۔

اجلاس ہمایوں کی پیشی کے کاغذات صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر کے نوٹ کے ساتھ بدولت اقبال

ملاحظہ میں پیش ہوا کرینگے۔

(ب) محکمہ جات متعلقہ مسٹر صدیق علی خاں صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر

(۱) ڈیوڑھیات عام۔ براہ راست اجلاس ہمایوں سے بتوسط صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر حکم حاصل کرینگے۔

محکمہ جات ماتحتی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

(۲) فراشخانہ۔ (۳) کتول خانہ۔ (۴) پالکی خانہ (۵) شاگرد پیشہ عام۔ (۶) کوٹھی بریلی (۷) سروس سیلکشن بورڈ۔

محکمہ جات ماتحتی عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

(۸) باغات۔ (۹) ورکشاپ باغات۔

(ج) محکمہ جات متعلقہ لفٹنٹ کرنل عبدالکریم خانصاحب ملٹری سکریٹری بہادر جنہیں براہ راست اجلاس ہمایوں سے بتوسط صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر احکام حاصل کرینگے۔

(۱) انٹرٹینمنٹ۔ (۲) انٹرویو۔ (۳) انتظامات سفر (۴) اے ڈی سیز۔ (۵) دربار و جنرل پروگرام

محکمہ جات ماتحتی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

(۶) ارباب نشاط۔ (۷) نقارخانہ (۸) صفائی قلعہ و خاص باغ۔ (۹) اسیلون۔ (۱۰) اسپورٹس (۱۱) اصطبل عام۔ (۱۲) گاؤخانہ۔ (۱۳) فیل خانہ (۱۴) سینما۔

۷۔ چونکہ مسٹر سید ظفر علی صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر یورپ گئے ہیں۔ لہذا انکی واپسی تک ان کے محکمہ جات کا کام بھی صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر علاوہ محکمہ جات متعلقہ کے انجام دینگے۔ اور ان کو حسب قاعدہ الاؤنس ملیگا۔

(۸) ہر سہ سکریٹری صاحبان بہادر کے عملہ دفاتر کے متعلق عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر موجودہ عملہ سے انتظام کردیں۔

(۹) میر عبدالحمید ایڈی سی تنخواہ ۱۵۰ (ڈیڑھسو پچاس) روپیہ ماہوار اُدائم المرضی ہیں۔ ان کو ملازمت سے ریٹائر کیا جاتا ہے حسب قواعد پنشن دیجائے۔

(۱۰) کرنل امتیاز علیخاں کو ایک سو روپیہ ماہوار پنشن ملتی ہے ڈیوڑھیات پر ایک ریٹائرڈ فوجی افسر کی ضرورت ہے لہذا ان کو ایک سو پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ پر ڈیوڑھیات پر مامور کیا جاتا ہے۔ جبتک وہ سروس میں رہینگے پنشن نہیں ملیگی۔ بعد ختم ملازمت وہ ہی ایک سو روپیہ ماہوار پنشن پائینگے۔

(۱۱) محکمہ جات۔ مصرف خیر۔ اوقاف۔ محتاج خانہ یتیم خانہ۔ مسٹر سید مقبول احمد صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل کے ماتحتی عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر متعلق کئے جاتے ہیں۔ مولوی سید اولاد حسین صاحب ان محکمہ جات کے افسر رہینگے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے کارروائی اجرائے احکام عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس بھیجا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

———

حسب منشاء حکم ہمایوں سررشتہ صدارت احکام مندرجہ بالا جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو ۹ جولائی ۱۹۳۸ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

(مورخہ ۲۹ جون سنہ ۱۹۳۶ء)

حسب اتفاق سروسز سلیکشن بورڈ وصیغہ فنانس اسٹیٹ کونسل
کے بحکم ۱۲ دسمبر سنہ ۱۹۳۵ء مسز عیسی رفیع ساکنہ مراد آباد کا تقرر بعہدہ
لیڈی وزیٹر بمشاہرہ پچھتر روپیہ امتحاناً برائے چھ ماہ
منظور ہوا تھا۔ بتحریر صاحب چیف میڈیکل افیسر بہادر
واضح ہے کہ لیڈی وزیٹر مذکورہ نے اس مدت امتحانی میں کام
قابل اطمینان انجام دیا۔ لہذا حسب تحریر صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر
مسز عیسی رفیع کو تاریخ ۲۳ جون سنہ ۱۹۳۶ء سے مستقل کیا جاتا ہے
میعاد غیر مستقلی چھ ماہ ۲۲ ماہ رواں کو ختم ہوتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ کو احکام ضروری جاری ہوں۔ ایک نقل
درج گزٹ ہو۔ مسل منفصلہ ۱۲ دسمبر سنہ ۱۹۳۵ء نمبری ۱۰۱ جی
داخل محافظ خانہ کیجائے

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر